دُرودِ کبریتِ احمر

تصنیف

حضرت غوث الاعظم سیّدنا

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الشیخ السیّد عبدالقادر الجیلیؒ

ترجمہ

از عالیجناب فضیلت مآب حضرت سیّد بدر محی الدین قادری

سجّادہ نشین

دربار قادریہ فاضلیہ (بٹالہ شریف) لاہور

دُرود کبریت احمر

دُرُودُ شریف کِبریت احمر

یہ اسماء حضرتِ غوثِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ گیارہ بار پڑھو:۔

سیّد محی الدّین سُلطان محی الدّین
فقیر محی الدّین خواجہ محی الدّین
مخدوم محی الدّین غریب محی الدّین
بادشاہ محی الدّین شیخ محی الدّین
درویش محی الدّین وَلی محی الدّین
مولٰنا محی الدّین

اَب ایک بار یہ پڑھو:۔

اوّل محی الدّین آخر محی الدّین
ظاہر محی الدّین باطن محی الدّین
حاضر محی الدّین ناظر محی الدّین

قادر محی الدّین   میراں محی الدّین

شنوا مُحی الدّین   بینا مُحی الدّین

گویا مُحی الدّین   زندہ مُحی الدّین

ذات مُحی الدّین   صفات مُحی الدّین

صُورت مُحی الدّین   معنی مُحی الدّین

جاں مُحی الدّین   جہاں مُحی الدّین

اینجہاں مُحی الدّین   انجہاں مُحی الدّین

ہر دم مُحی الدّین   ہے بی مُحی الدّین

ہوسی مُحی الدّین   المُحی الدّین

ہُوَ المُحی الدّین   یَا مُحی یَا مُحی یَا مُحی

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا

وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ عَدَدًا
وَّ اَنْمٰی بَرَکَاتِكَ سَرْمَدًا وَّ اَزْکٰی
تَحِیَّاتِكَ فَضْلًا مُّؤَبَّدًا وَّ اَسْنٰی
سَلَامِكَ اَبَدًا مُّجَدَّدًا عَلٰٓی اَشْرَفِ
الْحَقَآئِقِ الْاِنْسَانِیَّةِ وَالْجَانِیَّةِ مَعْدِنِ
الدَّقَآئِقِ الْاِیْمَانِیَّةِ وَطُوْرِ التَّجَلِّیَاتِ
الْاِحْسَانِیَّةِ وَمَھْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِیَّةِ
عَرُوْسِ الْمَمْلَکَةِ الْقُدُّوْسِیَّةِ وَاِمَامِ
الْحَضْرَتِ الرَّبَّانِیَّةِ وَاسِطَةِ عِقْدِ
النَّبِیِّیْنَ وَمُقَدَّمَةِ جَیْشِ الْمُرْسَلِیْنَ
وَقَآئِدِ رَکْبِ الْاَنْبِیَآءِ الْمُکَرَّمِیْنَ
وَاَفْضَلِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِیْنَ حَامِلِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنیوالا ہے

اے اللہ ایسا درود بھیجو جو کہ تیرا بہترین درود ہو بلحاظ تعداد کے اور ایسی برکت بھیجو جو کہ ہمیشہ سب سے زیادہ ترقی کرنے والی ہو اور ایسا تحفہ بھیجو جو کہ ہمیشہ نہایت ہی پاکیزہ اعلی رہے اور نہایت ہی تازہ اور ہمیشہ ترقی کرنے والا ہو ایسی ہستی پر جو کہ انسان اور جن کی موجودات سے بہترین ہیں۔ ایمان یقین کی گہرائیوں باریکیوں کی کان ہیں احسان کی تجلیات کا کوہ طور ہیں رحمانی بھیدوں کے اترنے کی جگہ ہیں۔ قدوسی بادشاہی کے دولھا ہیں ربانی جناب کی طرف سے امام ہیں۔ جو نبیوں کی موتیوں کی لڑی کا سب سے بڑا اور بیش قیمت موتی ہیں اور جو پیغمبروں کے لشکر کے پیش رو سردار ہیں۔ اور تکریم کئے ہوئے نبیوں کے قافلہ کے رہنماء ہیں۔ اور ساری خلقت سے بہترین۔ نہایت اونچی

لِوَآءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰى وَ مَالِكِ اَزِمَّةِ
الْمَجْدِ الْاَسْنٰى شَاهِدِ اَسْرَارِ
الْاَزَلِ وَ مُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ
الْاَوَّلِ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ وَ
مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِكَمِ مَظْهَرِ سِرِّ
الْجُوْدِ الْجُزْئِيِّ وَ الْكُلِّيِّ وَ اِنْسَانِ
عَيْنِ الْوُجُوْدِ الْعِلْوِيِّ وَالسِّفْلِيِّ رُوْحِ
جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَ عَيْنِ حَيٰوةِ
الدَّارَيْنِ الْمُتَخَلِّقِ بِاَعْلٰى رُتَبِ
الْعُبُوْدِيَّةِ الْمُتَحَقِّقِ بِاَسْرَارِ الْمَقَامَاتِ
الْاِصْطِفَآئِيَّةِ الرُّبُوْبِيَّةِ سَيِّدِ الْاَشْرَافِ
وَجَامِعِ الْاَوْصَافِ الْخَلِيْلِ الْاَعْظَمِ
الْحَبِيْبِ الْاَكْرَمِ نَبِيِّكَ الْعَظِيْمِ وَ

عزت کا جھنڈا لئے ہوئے ہیں۔ نہایت روشن شرافت کے مہاروں باگوں کے مالک ہیں۔ ازل کے بھیدوں سے واقف ہیں۔ اور سب سے پہلے آگے بڑھنے والوں کے انوار کو ملاخطہ کرنے والے اور (حجت الہی) حقیقت غیر حادث کی زبان کا فصیح ترجمہ کرنے والے اور علم اور حکمتوں دانشمندیوں کا سرچشمہ ہیں۔ جزئی سخاوت (اشخاص کے لئے بخشش) اور سخاوت کلی (تمام افراد کائنات کے لئے عنایت رعایت) کے بھیدوں کے ظاہر ہونے کا مقام ہیں۔ علوی و سفلی موجودات کے آنکھ کی پتلی' دونوں جہانوں کے جسم کی روح ہیں۔ اور دونوں جہانوں کی جان ہیں۔ عبودیت کے اعلی مرتبوں سے پورے متصف ہیں۔ مقالات برگزیدگی اور ربوبیت کے بھیدوں کے ذریعہ ثابت ہو چکے ہوئے ہیں۔ سرداروں کے سردار ہیں۔ تمام صفتیں ان میں جمع ہیں۔ سب سے بڑے دوست (اللہ کے) ہیں۔ سب سے زیادہ عزت والے دلدار (اللہ کے) ہیں (اے اللہ) تیرے عزت والے نبی

رَسُوْلِكَ الْقَدِيْمِ الْهَادِيْ اِلَى الصِّرَاطِ
الْمُسْتَقِيْمِ اَلْمَخْصُوْصِ بِاَعْلَى الْمَرَاتِبِ
وَالْمَقَامَاتِ وَالْمُؤَيَّدِ بِاَوْضَحِ الْبَرَاهِيْنِ
وَ الدَّلَالَاتِ اَلْمَنْصُوْرِ بِالرُّعْبِ وَ
الْمُعْجِزَاتِ الْجَوْهَرِ الشَّرِيْفِ
اَلْاَبَدِيِّ وَ النُّوْرِ الْقَدِيْمِ الْمُحَمَّدِيِّ
سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَحْمُوْدِ
فِي الْاِيْجَادِ وَ الْوُجُوْدِ اَلْفَاتِحِ لِكُلِّ
شَاهِدٍ وَّ مَشْهُوْدٍ وَ حَضْرَتِ الْمُشَاهَدَةِ
وَ الشُّهُوْدِ نُوْرِ كُلِّ شَيْءٍ وَّ هُدَاهُ وَ
سِرِّ كُلِّ سِرٍّ وَّ سَنَاهُ الَّذِيْ شُقِّقَتْ
مِنْهُ الْاَسْرَارُ وَ انْفَلَقَتْ مِنْهُ الْاَنْوَارُ
اَلسِّرِّ الْبَاطِنِ وَ النُّوْرِ الظَّاهِرِ السَّيِّدِ

اور تیرے رسول قدیم راہ راست دکھانے والے
اعلی مرتبوں اور مقاموں کی خصوصیت دیئے ہوئے
بہت ہی روشن دلیلوں اور رہنمائیوں کے ساتھ
تاکید کئے ہوئے۔ جلالیت اور معجزوں کے ساتھ
قسمندی دیئے گئے ہوئے ہیں۔ جوہر اصیل ہمیشہ
رہنے والے ہیں۔ محمدی قدیم نور ہیں۔ ہمارے
سید ہمارے مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں پیدائش اور ہستی
کے لحاظ سے پسند کئے گئے ہیں۔ ہر ایک
گواہی دینے والے اور ہر گواہی دیئے گئے
کے لئے اور درگاہ مشاہدہ اور شہود کے لئے
وہ فاتح (در کشائی رہنمائی کھولنے والے ہیں)
ہر چیز کے لئے روشنی اور ہدایت ہیں۔ اور ہر بھید
کا وہ بھید اور روشنی ہیں۔ جن سے کئی بھید
نکالے گئے اور کئی انوار نکالے گئے (روشن کئے
گئے) وہ سر باطن اور ظاہر نور ہیں۔ سردار ہیں

اَلْكَامِلِ اَلْفَاتِحِ الْخَاتِمِ الْاَوَّلِ الْاٰخِرِ

الْبَاطِنِ الظَّاهِرِ الْعَاقِبِ الْحَاشِرِ

اَلنَّاهِى الْاٰمِرِ النَّاصِحِ اَلنَّاصِرِ

اَلصَّابِرِ الشَّاكِرِ الْقَانِتِ الذَّاكِرِ

اَلْمَاحِى الْمَاجِدِ الْعَزِيْزِ الْحَامِدِ

اَلْمُؤْمِنِ الْعَابِدِ اَلْمُتَوَكِّلِ الزَّاهِدِ

اَلْقَائِمِ السَّاجِدِ اَلتَّابِعِ اَلشَّهِيْدِ

اَلْوَلِيِّ الْحَمِيْدِ اَلْبُرْهَانِ الْحُجَّةِ

اَلْمُطَاعِ الْمُخْتَارِ اَلْخَاضِعِ الْخَاشِعِ

اَلْبَرِّ الْمُسْتَنْصِرِ اَلْحَقِّ الْمُبِيْنِ طٰهٰ

يٰسٓ اَلْمُزَّمِّلِ الْمُدَّثِّرِ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلنَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى

کامل ہیں۔ شروع کرنے والے ہیں اور ختم
کرنے والے ہیں اول آخر، ظاہر، باطن، پیچھے
آنے والے، اٹھانے والے، روکنے والے حکم
کرنے والے، نصیحت کرنے والے، مدد دینے والے،
صبر گذار۔ شکر گذار۔ دعا کرنے والے
ذکر کرنے والے - مٹانے والے، بزرگی والے
غالب حمد کرنے والے۔ صاحب ایمان، عبادت
گذار۔ متوکل، پرہیز گار، قائم۔ سجدہ گذار، اطاعت
کرنے والے، گواہی دینے والے، پسندیدہ دوست،
برہان، حجت، اطاعت کئے گئے، چنے گئے،
عاجزی اور خشوع کرنے والے نیک، جن سے
مدد مانگی جاتی ہے۔ حق ظاہر، طٰہٰ، یسین،
کملی پوش، چادر اوڑھنے والے سردار
پیغمبروں کے اور امام پرہیز گاروں کے اور
خاتم النبیین ہیں۔ اور رب العالمین کے
محبوب برگزیدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور

وَالرَّسُوْلِ الْمُجْتَبٰى الْحَكَمِ الْعَدْلِ
الْحَكِيْمِ الْعَلِيْمِ الْعَزِيْزِ الرَّءُوْفِ
الرَّحِيْمِ الْكَرِيْمِ نُوْرِكَ الْقَدِيْمِ وَ
صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ
وَرَسُوْلِكَ وَصَفِيِّكَ وَخَلِيْلِكَ وَ
حَبِيْبِكَ وَنَبِيِّكَ وَوَلِيِّكَ وَاَمِيْنِكَ وَ
دَلِيْلِكَ وَنَجِيِّكَ وَنَجِيْبِكَ وَ
نُخْبَتِكَ وَذَخِيْرَتِكَ وَخِيَرَتِكَ
اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْبِرِّ وَرَسُوْلِ
الرَّحْمَةِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ
الْقُرَيْشِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْمَكِّيِّ الْمَدَنِيِّ
التِّهَامِيِّ الشَّاهِدِ الْمَشْهُوْدِ الْوَلِيِّ
الْمُقَرَّبِ الْعَبْدِ الْمَسْعُوْدِ الْحَبِيْبِ

چنے ہوئے پیغمبر ہیں۔ فیصلہ کرنے والے' انصاف کرنے والے' حکمتوں والے' علم والے' غلبہ والے' بہت مہربانی کرنے والے' بہت رحمت والے' بہت کرم کرنے والے ہیں (اے اللہ) تیرے نور قدیم اور تیرے راہ راست حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور تیرے خالص دوست اور تیرے صادق دوست اور تیرے محبوب اور تیرے نبی اور تیرے قریبی نزدیکی دوست اور تیرے امانت دار اور تیری دلیل اور تیرے راز شناس تیرے اصیل اور تیرے چنے ہوئے اور تیرے ذخیرہ اور تیرے مختار اور نیکی کے رہنما اور بھلائی کے قائد اور رحمت کے نبی' امی' عربی' قریشی' ہاشمی' مکی مدنی' تمامی گواہی دینے والے گواہی دئے گئے۔ دوست' مقرب بندے بہت بڑی سعادت دئے گئے محبوب

الشَّفِيْعِ الْحَسِيْبِ الرَّفِيْعِ السَّلِيْمِ
الْبَدِيْعِ الْوَاعِظِ الْعُطُوْفِ الْحَلِيْمِ
النَّذِيْرِ الْجَوَادِ الْكَرِيْمِ الطَّيِّبِ
الْمُبَارَكِ الْمَكِيْنِ الصَّادِقِ الْمَصْدُوْقِ
الْاَمِيْنِ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ
السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الَّذِيْ اَدْرَكَ
الْحَقَآئِقَ بِجُمْلَتِهَا وَفَاقَ الْخَلَآئِقَ
بِرُمَّتِهَا وَ جَعَلْتَهٗ حَبِيْبًا وَّ نَاجَيْتَهٗ
قَرِيْبًا وَّ اَدْنَيْتَهٗ رَقِيْبًا وَّ خَتَمْتَ بِهِ
الرِّسَالَةَ وَالْبِشَارَةَ وَ الدَّلَالَةَ وَ
النَّذَارَةَ وَ النُّبُوَّةَ وَ نَصَرْتَهٗ بِالرُّعْبِ
وَ ظَلَّلْتَهٗ بِالسُّحُبِ وَ رَدَدْتَّ لَهُ
الشَّمْسَ وَ شَقَقْتَ لَهُ الْقَمَرَ وَ

شفاعت کرنے والے' حسب والے' بلند مرتبہ حسن والے' نادر وعظ کرنے والے' خوش خبری دینے والے' نہایت شفقت کرنے والے' نہایت بردبار' نہایت خبردار کرنے والے' نہایت سخی نہایت کریم' پاکیزہ' مبارک' صاحب منزلت' سچ کہنے والے اور سچے مان لئے گئے ہیں۔ امانت والے ہیں۔ تیرے حکم سے تیری طرف خلقت کو بلانے والے' روشن چراغ جنہوں نے کمال حقیقتوں کو پا لیا اور تمام خلقت پر فوقیت لے گئے اور (اے اللہ) تو نے ان کو اپنا محبوب بنا لیا اور تو نے قریب سے ان کو راز ظاہر کئے اور بڑی حفاظت سے تو نے انہیں نزدیک کیا اور تو نے ان پر ختم کر دی پیغمبری اور بشارت اور دلالت' نذارت اور نبوت اور ان کو رعب کے ساتھ مدد عنایت کی اور ابر کے ساتھ سایہ دیا اور سورج کو ان کے لئے لوٹایا اور چاند کو انکے لئے ٹکڑے کر دیا۔ اور

أَنْطَقْتَ لَهُ الضَّبَّ وَالظَّبْيَ وَالذِّئْبَ
وَالْجِذْعَ وَالذِّرَاعَ وَالْجَمَلَ وَالْجَبَلَ
وَالْمَدَرَ وَالشَّجَرَ وَأَنْبَعْتَ مِنْ
أَصَابِعِهِ الْمَاءَ الزُّلَالَ وَأَنْزَلْتَ
مِنَ الْمُزْنِ بِدَعْوَتِهٖ فِيْ عَامِ الْمَحْلِ
وَالْجَدْبِ وَابِلَ الْغَيْثِ وَالْمَطَرِ
فَاعْشَوْ شَبَتْ مِنْهُ الْقَفْرُ وَالْوَعْرُ
وَالصَّخْرُ وَالسَّهْلُ وَالرَّمْلُ وَالْحَجَرُ
وَاَسْرَيْتَ بِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اِلَى
السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى
اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى وَاَرَيْتَهُ
الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى وَاَنَلْتَهُ الْغَايَةَ الْقُصْوٰى

تو نے ان کی خاطر سو سمار ہرن' بھیڑیا و درخت
کی شاخ کو' بازو کو' اونٹ کو' پہاڑ' ڈھیلے اور
درخت کو نطق (گویائی) عطا کر دی اور تو نے
ان کی انگلیوں سے میٹھا پانی جاری کیا اور تو
نے بادل سے پانی ان کی دعا کی وجہ سے
موسم قحط میں برسایا جو بڑی بوندوں کا مینہ
اور بارش تھی۔ پھر تو نے ان سے خشک
زمین' روہی زمین کو پتھریلے علاقے نرم اور
ریتلی زمین پتھر کو سر سبز کر دیا۔ اور ان کو
سیر کرا دیا رات کو مسجد حرام سے مسجد
اقصے تک' اس سے آگے بلند آسمانوں
تک' سدرۃ المنتہی تک اور قاب قوسین (کمان
کا دو گوشہ) تک یا اس سے زیادہ اپنے قریب
کیا اور ان کو بڑی نشانی دکھائی اور ان کو انتہائی
مرتبہ تک پہنچا دیا

وَاَكْرَمْتَهُ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ
وَالْمُشَافَهَةِ وَالْمُشَاهَدَةِ وَالْمُعَايَنَةِ
بِالْبَصَرِ وَخَصَّصْتَهُ بِالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى
وَالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى يَوْمَ الْفَزَعِ
الْاَكْبَرِ فِى الْمَحْشَرِ وَجَمَعْتَ لَهُ
جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَجَوَاهِرَ الْحِكَمِ وَ
جَعَلْتَ اُمَّتَهُ خَيْرَ الْاُمَمِ وَغَفَرْتَ
لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ
الَّذِىْ بَلَّغَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّى الْاَمَانَةَ
وَنَصَحَ الْاُمَّةَ وَجَلَى الظُّلْمَةَ وَ
جَاهَدَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَبَدَ رَبَّهُ
حَتّٰى اَتَاهُ الْيَقِيْنُ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا
مَحْمُوْدًا يَّغْبِطُهُ فِيْهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ

اور تو نے ان سے کلام کر کے ان کی عزت افزائی
کی اور ان کو اپنے حضور میں بلا کر اپنے
عین سامنے باتیں کر کے جلوہ دکھا کر آنکھوں
سے دیدار کرایا اور تو نے ان کو عزت و
امتیاز دیا۔ وسیلہ نہایت عظمت والا اور شفاعت
نہایت بڑی روز قیامت کے بڑے خوف کے
دن کے لئے اور تو نے ان کے لئے جمع کر
دئے جوامع الکلم اور حکمتوں کے قول اور ان
کی امت کو تمام امتوں سے بہترین کر دیا اور
انکے اگلے پچھلے تمام گناہ بخش دئے وہ ذات
کہ جس نے رسالت کی تبلیغ کی اور امانت خوب
ادا کی اور امت کی خیر خواہی کی اور غم دور
کیا اور اندھیرے کو روشن کیا اور اللہ کی راہ میں
کوشش فرمائی اور اپنے رب کی بندگی کی حتی کہ ان کو
یقین آ گیا۔ اے اللہ ان کو مقام محمود پر اٹھائیو۔ جن کے
لئے پہلے اور

الْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْهُ فِي الدُّنْيَا
بِاِعْلَاۤءِ ذِكْرِهٖ وَاِبْقَاۤءِ شَرِيْعَتِهٖ وَ
فِي الْاٰخِرَةِ بِشَفَاعَتِهٖ فِيْ اُمَّتِهٖ وَ
اَجْزِلْ اَجْرَهٗ وَمَثُوْبَتَهٗ وَاَبِّدْ
فَضْلَهٗ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ بِالْمَقَامِ
الْمَحْمُوْدِ وَتَقْدِيْمِهٖ عَلٰى كَاۤفَّةِ الْمُقَرَّبِيْنَ
ذَوِي الشُّهُوْدِ (اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ
الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَ
اَعْطِهٖ سُؤْلَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى
كَمَا اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى ۳ بار)
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ
عَلَيْكَ فَضْلًا وَّمِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ
دَرَجَةً وَّاَعْظَمِهِمْ خَطَرًا وَّاَمْكَنِهِمْ

پچھلے تمام نے رشک کیا اے اللہ ان کو دنیا
میں بزرگ کر اس طرح کہ ان کا نام بلند ہو ان
کا دین غالب ہو اور ان کی شریعت قائم رہے
اور آخرت میں ان کی شفاعت جو ان کی امت
کے لئے ہو گی۔ اس کے ذریعہ بھی ان کی عزت
افزائی ہو اور ان کو خوب عطا کر ان کا اجر اور
بڑا ثواب اور ان کا فضل پہلے اور پچھلوں کے
لئے پائدار کر دے مقام محمود کے ذریعہ سے
اور اس ذریعہ سے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کل مقربان الٰہی اہل
شہود پہ مقدم ہیں۔ اے اللہ ان کی شفاعت کبریٰ
قبول کر لے اور ان کے بلند درجوں کو بلند کر
دے اور ان کی آرزو قیامت کے دن اور دنیا
میں پوری کر دے جیسا کہ تو نے ابراہیمؑ اور موسیٰؑ
کو عطا کیں اے اللہ ان کو یعنی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم
کو اپنے معزز ترین بندوں سے کر از روئے فضل کے
اور ان کو (اپنے بندوں سے) بلند ترین کر دے
از روئے منزلت کے اور ان کو سب سے بڑا بنا دے از
روئے قدر کے اور توانا تر فرما ان کو

عِنْدَكَ شَفَاعَةً اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ
وَاَفْلِجْ حُجَّتَهٗ وَاَبْلِغْهُ مَاْمُوْلَهٗ
فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ
اَتْبِعْهُ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ وَاُمَّتِهٖ مَا تَقَرُّ
بِهٖ عَيْنُهٗ وَاَجْزِهٖ عَنَّا خَيْرَ مَا جَزَيْتَ
نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاَجْزِ الْاَنْبِيَآءَ كُلَّهُمْ
خَيْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا شَاهَدَتْهُ الْاَبْصَارُ
وَسَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ وَصَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ
وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ
عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا تُحِبُّ
وَتَرْضٰى اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ وَ

ترجمہ کبریت احمر

تیرے پاس شفاعت کرنے کے وقت اے اللہ
ان کی دلیل کو عظمت دے اور ان کی حجت کو
کامیاب بنا دے اور ان کی آرزوئیں
اہل بیت رضی اللہ تعالی عنہم
اور اولاد کے متعلق جو ہیں وہ پوری کر دے۔ اے
اللہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد اور امت کو آنحضورؐ کے
نقش قدم پر چلائیو۔ جو کہ آپ حضرت کی آنکھوں کی
ٹھنڈک (راحت) کا باعث ہو۔ اور ہماری وجہ انہیں
جزا دے بہترین اس کے جو کہ تو نے کسی کو اس
کی امت کی وجہ سے دی ہو اور تمام نبیوں کو اچھی
جزا دے۔ اے اللہ ہمارے سید محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود سلام
بھیج اتنی دفعہ جتنی دفعہ کہ تمام بینائیوں نے دیکھا
یا کانوں نے سنا ہو اور ان پر سلام درود بھیجو اتنی
دفعہ جتنی دفعہ کہ سلام بھیجنے والوں نے ان پر سلام بھیجے ہوں
اور ان پر سلام درود بھیجو جتنی دفعہ کہ ان پر سلام درود نہ
بھیجے گئے ہوں۔ اور ان پر سلام درود بھیجو جیسے کہ تو پسند
کرے۔ اور

چاہے کہ ان پر سلام

سَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ يُّصَلّٰى
عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ
اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ نَعْمَآءِ اللّٰهِ وَ
وَاَفْضَالِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَ
اَحْفَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَ
اَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ
وَاَصْهَارِهٖ وَاَخْتَانِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَ
اَتْبَاعِهٖ وَاَشْيَاعِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَ
وَخَزَنَةِ اَسْرَارِهٖ وَمَعَادِنِ اَنْوَارِهٖ
كُنُوْزِ الْحَقَآئِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَآئِقِ
وَنُجُوْمِ الْاِهْتِدَآءِ لِمَنِ اقْتَدٰى وَ

درود بھیجا جائے جیسے کہ تو نے ہمیں حکم دیا کہ ان پر سلام درود بھیجا جائے جیسے کہ مناسب ہو کہ ان پر سلام و درود بھیجا جائے۔ اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر سلام درود بھیجو اتنی تعداد میں جتنی کہ اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتیں اور مہربانیاں ہیں اے اللہ سلام درود بھیجو ان پر ان کی آل پر ان کے اصحاب پر ان کی اولاد پر اور ان کی اولاد کی اولاد پر ان کی بیویوں پر اور ان کی نسل پر اور ان کے اہل بیت پر ان کے خویش و اقارب پر ان کے اقرباء پر اور ان کے خسروں پر اور ان کے دامادوں پر اور ان کے احباب پر ان کے اطاعت گزاروں پر اور ان کے ساتھیوں پر اور ان کے ساتھ ہمدردی کرنے والوں پر اور ان پر جو کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسرار کے خزانے ہیں۔ اور ان پر جو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کی کانیں ہیں۔ حقیقتوں کے خزانے ہیں۔ خلقت کے رہنماء ہیں۔ اور ہدایت کے ستارے ہیں۔ ان کے لئے جو ان کی پیروی کریں اور اے اللہ ان پر

سَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا دَآئِمًا اَبَدًا ا
وَّارْضَ عَنْ كُلِّ الصَّحَابَةِ رِضًى
سَرْمَدًا عَدَدَ خَلْقِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ
وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ
كُلَّمَا ذَكَرَكَ ذَاكِرٌ وَّكُلَّمَا سَهٰى عَنْ
ذِكْرِكَ غَافِلٌ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ
رِضَاءً وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّلَنَا صَلَاحًا
وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَ
الدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ
الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَاللِّوَآءَ الْمَعْقُوْدَ
وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَصَلِّ يَا رَبِّ
عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ الْاَنْبِيَآءِ وَ
الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْاَوْلِيَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

بہت سلام بھیجو ہمیشہ ہمیشہ اور تمام اصحابیوں سے
ہمیشہ بہت مرتبہ والی رضا مندی رکھیو اتنی تعداد میں
جتنی کہ تیری خلقت ہے اور اپنے عرش کے مقدار
جتنا اور تیری ذات کی رضا کے اور بقدر تیرے
کلمات کی روشنائی اور اتنی تعداد جتنی کہ تجھے یاد
کرنے والے یاد کریں اور جتنے کہ غفلت کرنے
والے تمہارے ذکر فراموش کر دیں۔ ایسا درود آنحضورؐ
پر بھیجو جو کہ تیرے لئے رضا کا ذریعہ ہو۔ اور آنحضورؐ
کے لئے ادائیگی حق ہو اور ہمارے لئے بھلائی کا
باعث ہو اور آنحضورؐ کو وسیلہ کا مرتبہ اور بزرگی
اور درجہ بلند شاندار دے اور آنحضورؐ کو مقام محمود
اور عقد کئے ہوئے نشان اور حوض جس پر آنا مقرر
ہے وہاں پر اٹھائیو۔ اے اللہ سلام بھیجو تمام آنحضورؐ
کے برادران انبیاء پیغمبران اولیاء صالحین

وَ مَلٰۤئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ
تَعَالٰى عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ (وَعَلٰى سَيِّدِنَا
الشَّيْخِ مُحْيِ الدِّيْنِ سَيِّد عَبْدِ الْقَادِرِ
الْجِيْلَانِيِّ الْاَمِيْنِ الْمَكِيْنِ) گیارہ بار۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
نِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ الرَّحْمَةِ
لِلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَا مَضٰى مِنْ
خَلْقِكَ وَ مَا بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ
وَمَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ
وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا
وَلَا انْتِهَآءَ وَلَآ اَمَدَ لَهَا وَلَا انْقِضَآءَ
صَلٰوتَكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ صَلٰوةً
مَّعْرُوْضَةً عَلَيْهِ مَقْبُوْلَةً لَّدَيْهِ

ملائکہ مقربان پر اور ہمارے سردار محی الدین سید
عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ صاحب امانت صاحب
منزلت
پر)
رحمت بھیجو ان سب پر اللہ کی رحمت اور سلام ہو
اے اللہ سلام بھیجو ہمارے سردار یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
پر جن کا نور تمام خلقت سے آگے ہے اور
جن کا ظہور تمام جہانوں کے لئے رحمت کا
باعث ہوا اتنی تعداد میں ان پر درود بھیجو
جتنی تعداد خلقت کی گزر چکی اور جتنی تعداد خلقت
کی باقی ہے اور جتنی تعداد کے نیک اشخاص کی ہوئی
اور جتنی تعداد بد بخت اشخاص کی ہوئی اتنی دفعہ
درود ان پر بھیجو کہ گنتی گھیر لیوے اور حصر کو
احاطہ کرے اتنا سلام کہ اس کا اندازہ نہ ہو
سکے اور نہ ہی ان کا انتہا ہو نہ ہی اس کی
مدت مقرر ہو اور نہ ہی اس کا گذر جانا ہو سلام
بھیجو وہ سلام جو تو نے ان پر بھیجا بطور پیش
کرنے کے بھیجا اور ہوا آنحضورؐ کو مقبول

صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً
بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ
صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَ تُرْضِيْهِ وَ تَرْضٰى
بِهَا عَنَّا صَلٰوةً تَمْلَاءُ الْاَرْضَ وَ
السَّمَاءَ صَلٰوةً تُحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَ
تُفَرَّجُ بِهَا الْكُرَبُ وَ يَجْرِيْ بِهَا
لُطْفُكَ مِنْ اَمْرِيْ وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ
وَ بَارِكْ لَنَا عَلَى الدَّوَامِ وَ اهْدِنَا
وَ عَافِنَا وَ اجْعَلْنَا اٰمِنِيْنَ وَ يَسِّرْ لَنَا
اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَ اَبْدَانِنَا
وَ السَّلَامَةِ وَ الْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا
وَ دُنْيَانَا وَ اٰخِرَتِنَا وَ تَوَفَّنَا عَلَى
الْكِتٰبِ وَ السُّنَّةِ وَ اجْمَعْنَا مَعَهٗ

درود ہمیشہ رہنے والا تیرے دوام کے ساتھ ساتھ
اور باقی رہنے والا تیرے بقا کے ساتھ ساتھ جس
کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ جیسے کہ تجھے علم ہے
ایسا سلام جو تجھے خوش کرے اور آنحضورؐ کو خوش
کرے۔ ایسا سلام جس کی وجہ سے تو ہم سے خوش
ہو ایسا سلام جو زمین و آسمان کو بھر دے ایسا
سلام جس سے (مشکلیں) کھل جائیں اور جس سے
مصیبتیں دور ہو جائیں اور جس سے تیرا کرم میرے
اور مسلمانوں کے حال پر جاری ہو جائے اور ہمارے
لئے ہمیشہ برکت کا باعث ہو اور ہمیں اللہ
ہدایت دے عافیت دے اور ہمیں خوف سے
نجات دے اور ہمارے کام آسان کر دے ہمارے
دلوں اور جسم کو راحت ملے۔ ہماری دین و دنیا
اور آخرت میں سلامتی اور عافیت بخش اور ہمیں
کتاب سنت پر ثابت قدم رکھ

فِي الْجَنَّةِ مِنْ غَيْرِ عَذَابٍ اَبْئِيسٍ
وَّ اَنْتَ رَاضٍ عَنَّا وَ لَا تَمْكُرْ بِنَا وَ
اخْتِمْ لَنَا مِنْكَ بِخَيْرٍ وَّ عَافِيَةٍ بِلَا
مِحْنَةٍ اَجْمَعِيْنَ خَتَمَ اللّٰهُ لَنَا
بِالْحُسْنٰى هُوَ مَوْلٰنَا نِعْمَ الْمَوْلٰى
وَنِعْمَ النَّصِيْرُ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ
الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ سَلَامٌ عَلَى
الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ○ اٰمِيْن

اوّل مُحی الدّین — اخر مُحی الدّین
ظاہر مُحی الدّین — باطن مُحی الدّین
حاضر مُحی الدّین — ناظر مُحی الدّین
قادر مُحی الدّین — میراں مُحی الدّین

اور ہمیں جنت میں آنحضور ﷺ
کے ساتھ رکھیو بغیر برے عذاب کے اور ہمارے
ساتھ خوش رہیو۔ اور ہم کو الجھنوں میں نہ ڈالیو
اور ہم سب کا خاتمہ خیر و عافیت سے کیجیو بلا
کسی قسم کی آزمائش کے اور ہمارا خاتمہ نیکی پر
ہو وہی ہمارا آقا ہے اور خوب آقا ہے اور
خوب کار ساز ہے تیرا رب پاک ہے جو صاحب
عزت رب ہے اس ہر شے سے پاک ہے جو
کہ گمراہ لوگ اس کے متعلق بیان کرتے ہیں
اور سلام ہے تمام پیغمبروں پر اور تمام تعریف
ہے اللہ کے لئے جو کہ سارے جہانوں
کا پروردگار ہے



شنوا مُحی الدّین　　بینا مُحی الدّین

گویا مُحی الدّین　　زندہ مُحی الدّین

ذات مُحی الدّین　　صفات مُحی الدّین

صورت مُحی الدّین　　معنے مُحی الدّین

جان مُحی الدّین　　جہان مُحی الدّین

اینجہان مُحی الدّین　　آنجہان مُحی الدّین

ہردم مُحی الدّین　　ہے بی مُحی الدّین

ھوسی مُحی الدّین　　المُحی الدّین

ھوالمُحی الدّین　　یا مُحی یا مُحی یا مُحی

یہ اسمار حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ گیارہ بار پڑھو۔

سیّد مُحی الدّین　　سلطان مُحی الدّین

فقیر مُحی الدّین　　خواجہ مُحی الدّین

مخدوم مُحی الدّین غریب مُحی الدّین

بادشاہ مُحی الدّین شیخ مُحی الدّین

درویش مُحی الدّین ولی مُحی الدّین

مولنا مُحی الدّین

تمّت بالخیر

سَیّدْ وسُلطانْ فقیرْ وخواجہ مخدُوم وغریب

بادشاہ وشیخ ودرویش است مولنا ولی